Bata BATA PAKISTAN LIMITED
NOTICE OF ANNUAL GENERAL MEETING

NOTICE IS HEREBY GIVEN that the 67th Annual General Meeting of Bata Pakistan Limited will be held at the Registered Office of the Company at Batapur, District Lahore on April 25, 2019 at 10:00 a.m. to transact the following business:

1. To confirm the minutes of the 66th Annual General Meeting held on April 23, 2018.
2. To receive, consider, and adopt the Annual Audited Accounts of the Company for the year ended December 31, 2018 together with Directors' and Auditors' Reports thereon.
3. To approve dividend as recommended by the Directors. The Directors have recommended a Final Cash Dividend of 600% (Rs.60 per share of Rs.10) in addition to the Interim Cash Dividend of 900% (Rs.90 per share of Rs.10) already paid to the shareholders making total cash dividend of 1,500% (Rs.150 per share of Rs.10).
4. To appoint Auditors and fix their remuneration for the year ending December 31, 2019. The retiring Auditors, M/s A.F. Ferguson & Co.Chartered Accountants, being eligible, have offered themselves for reappointment as Auditors of the Company.
5. To transact any ordinary business of the Company with the permission of the Chairman.

By order of the Board
Bata Pakistan Limited

Batapur Lahore:
March 06, 2019

(Amjad Farooq FCA)
Company Secretary

NOTES:

1. **Closure of Shares Transfer Books**
The Share Transfer Books of the Company will remain closed from April 18, 2019 to April 25, 2019 (both days inclusive). Transfers received at the office of the Share Registrar of the Company, M/s. Corplink (Pvt) Ltd. 1-K Commercial, Model Town, Lahore before the close of business on April 17, 2019 will be treated in time for the purpose of above entitlement to the transferees and of attending meeting by the transferees.

2. **Participation in the Annual General Meeting:**
All members entitled to attend and vote at this meeting may appoint another person as his/her proxy to attend and vote for him/her. Proxies in order to be effective must be received at the Registered Office of the Company not less than 48 hours before the time of holding the meeting. CDC Accounts Holders will further have to follow the guidelines as laid down in Circular 1 dated January 26, 2000 issued by the Securities & Exchange Commission of Pakistan.
Proxy form is available at the Company's website i.e. www.bata.com.pk (in English and Urdu Language).

(i) For Attending the Meeting

(a) In case of individuals, the account holder or sub account holder and/or the person whose securities are registered on CDS; and their registration details are uploaded as per the regulations, shall authenticate his/her identity by showing his/her original Computerized National Identity Card (CNIC) or original passport at the time of attending the meeting.
The members are also required to bring their Participants' I.D. number and account numbers in CDS.
(b) In case of corporate entity which is a member of the Company, the Board of Directors' resolution/power of attorney with specimen signature shall be required to be submitted along with proxy form to the Company.

(ii) For Appointing Proxies

(a) In case of individuals, the account holder or sub-account holder is and/or the person whose securities are in group account and their registration details are uploaded as per the CDC Regulations, shall submit the proxy form as per the above requirement.
(b) The proxy form shall be witnessed by two persons whose names, addresses and CNIC numbers shall be mentioned on the form.
(c) Attested copies of the CNIC or passport of the beneficial owners and the proxy shall be furnished with the proxy form.
(d) The proxy shall produce his/her original CNIC or original passport at the time of the meeting.
(e) In case of corporate entities, board of directors' resolution/power of attorney with specimen signature of the nominee shall be submitted (unless provided earlier) along with the proxy form to the Company.

3. **Mandatory Submission of CNIC Copies:**
With reference to the notification of Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP), S.R.O.779(1)/2011 dated August 18, 2011, the members/shareholders who have not yet submitted photo copy of their valid CNIC to the Company are required to send the same at the earliest directly to the Company's Share Registrar M/s. Corplink (Pvt) Ltd. 1-K Commercial, Model Town, Lahore. In case of non-receipt of the copy of valid CNIC and non-compliance of the above mentioned SRO of SECP, the Company may be constrained to withhold transfer of dividend in the future.

4. **Dividend Bank Mandate:**
Pursuant to Section 242 of the Companies Act, 2017, Members are requested to provide their CNIC's and bank account details including name of the bank, address of bank branch and International Bank Account Number (IBAN) to receive their cash dividend directly into their bank account. Therefore, all Members who have not yet provided their CNIC and Bank Account details are once again reminded to immediately submit a copy of their CNIC and duly filled Dividend Bank Mandate form to the Company's Share Registrar or to the Company. In the absence of valid bank account details and CNIC, dividend amount will be withheld in compliance with the provisions of Act and Regulations.
The dividend Bank Mandate Form is available at the Company's website i.e. www.bata.com.pk.

Members who hold shares in CDC accounts should provide their bank mandates to their respective participants.

5. **Intimation of Changes of Address and declaration for non-deduction of Zakat:**
Members who hold shares certificates should notify any changes in their registered address and provide their declarations for non-deduction of zakat, if applicable, to the Share Registrar. Members who hold shares in CDC/participant accounts should update their address and submit their declarations for non-deduction of zakat, if applicable, to the CDC or their respective participants/stockbrokers.

6. **Unclaimed Dividends and Share Certificates:**
The Shareholders are hereby informed that in accordance with Section 244 of the Companies Act, 2017 and the Unclaimed Shares, Modaraba Certificate, Dividends, Others Instruments and Undistributed Assets Regulations, 2017, the companies are required to deposit cash dividends to the credit of the Federal Government and the shares to the Commission, which are unclaimed/un-collected for a period of three (3) years or more from the date it is due and payable. The notices to this fact have already been dispatched to the relevant shareholders.

7. **Circulate Annual Reports to shareholders via e-mail:**
Pursuant to Notification vide S.R.O.787(1)/2014 dated September 8, 2014 has allowed companies to circulate Annual Financial Statements to shareholders along with notice of Annual General Meeting (AGM) through email.
In this respect, members are hereby requested to convey their consent via e-mail on a standard request form which is available at the Company's website i.e. www.bata.com.pk. Further it is responsibility of the members to timely update the Company's Shares Registrar of any change in their registered e-mail addresses.

8. **Circulate Annual Audited Accounts and Notice of AGM through to shareholders through CD, DVD or USB:**
In pursuance of SECP notification S.R.O.470(1)/2016 dated May 31, 2016 the companies have been allowed to circulate their annual reports including annual audited accounts, notice of annual general meetings and other information contained therein of the Company to the members for future years through CD or DVD or USB instead of transmitting the same in hard copies. However, the Company will supply the hard copy of the Annual Audited Accounts to the shareholders on demand at their registered addresses, free of cost, within one week of such demand.

9. **Consent for Video Conference:**
Pursuant to SECP's Circular No.10 dated May 21, 2014, if the Company receives consent from members holding in aggregate 10% or more shareholding residing at geographical location, to participate in the meeting through video conference at least 10 days prior to the date of meeting, the Company will arrange video conference facility in that city subject to availability of such facility in that city. In this regard please fill the following and submit to registered address of the Company at least 10 days before the date of AGM.

Consent Form for Video Conference Facility

I/We, _____ of _____ being a member of Bata Pakistan Limited, holder of _____ Ordinary shares as per Registered Folio #/CDC Account No._____ hereby opt for video conference facility at _____ (geographical location).

Signature of member

10. **Tax Implications on Dividends:**
Withholding tax rates applicable on the amount of dividend are as under:

For filers of income tax returns: 15% For non-filers of income tax returns: 20%

To enable the Company to make tax deduction on the amount of the cash dividend @ 15% instead of 20% all the shareholders whose names are not entered into the Active Tax Payers List (ATL) provided on the website of FBR despite the fact that they are filers, are advised to make sure that their names are entered into ATL. Otherwise tax on the cash dividend will be deducted @ 20% instead of 15%.

Tax in case of Joint Shareholders:
For shareholders holding their shares jointly as per the clarification issued by the Federal Board of Revenue withholding tax will be determined separately on 'Filer Non-Filer' status of Principal shareholder as well as joint-holder(s) based on their shareholding proportions. Therefore, all shareholders who hold shares jointly are required to provide shareholding proportions of Principal shareholder and joint-holder(s) in respect of shares held by them to our Share Registrar in writing as follows:

Company Name	Folio/CDC Account #	Total Shares	Principal Shareholder		Joint Shareholder	
			Name and CNIC #	Shareholding Proportion (No. of Shares)	Name and CNIC #	Shareholding Proportion (No. of Shares)

Messrs Corplink (Pvt) Ltd.

Wings Arcade, 1-K Commercial, Model Town, Lahore.
Ph: 042-35916714, 35916719, Fax: 042-35869037

Valid Tax Exemption Certificate for Exemption from Withholding Tax:

A valid Tax Exemption Certificate is necessary for exemption from the deduction of withholding tax under Section 150 of the Income Tax ordinance, 2001. Members who qualify under Clause 47B of Part IV of the Second Schedule to the Income Tax ordinance, 2001 and wish to seek an exemption should provide a copy of their valid Tax Exemption Certificate to the Share Registrar prior to the date of book closure, otherwise tax will be deducted according to applicable law.

باٹا پاکستان لمیٹڈ

سالانہ اجلاس عام کی اطلاع

مطلع کیا جاتا ہے کہ باٹا پاکستان کا 67 واں سالانہ اجلاس عام کمپنی کے رجسٹرڈ آفس باٹا پور، ضلع لاہور میں مورخہ 25 اپریل 2019ء صبح 10:00 بجے مندرجہ ذیل کاروباری امور انجام دینے کیلئے منعقد ہوگا۔

1- مورخہ 23 اپریل 2018ء کو منعقد ہوئے 66 ویں سالانہ اجلاس عام کی کاروائی کی توثیق۔

2- مورخہ 31 دسمبر 2018ء کو ختم ہوئے سال کیلئے کمپنی کے آڈٹ شدہ حسابات بمعہ ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی، غور وخوض اور منظوری۔

3- ڈائریکٹرز کے تجویز کردہ منافع کا اعلان۔ ڈائریکٹرز نے 600 فیصد (10 روپے کے فی شیئر پر 60 روپے) حتمی نقد منافع کی تجویز پیش کی ہے، علاوہ 900 فیصد (10 روپے کے فی شیئر پر 90 روپے) اضافی عبوری نقد منافع جو پہلے ہی شیئر ہولڈرز کو دیا جا چکا ہے، جس سے کل نقد منافع 1500 فیصد (10 روپے کے فی شیئر پر 150 روپے) ہو جاتا ہے۔

4- 31 دسمبر 2019ء کو ختم ہونے والے سال کیلئے آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے معاوضہ کا تعین۔ ریٹائرڈ ہوئے آڈیٹرز میسرز اے ایف فرگوسن اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹینٹس نے، اہلیت کی بنا پر، خود کو دوبارہ کمپنی کے آڈیٹرز مقرر کئے جانے کی پیشکش کی ہے۔

5- چیئرمین کی اجازت سے معمول کا کوئی بھی دیگر کاروباری لین دین۔

حسب الحکم بورڈ،
باٹا پاکستان لمیٹڈ،

(امجد فاروق ایف سی اے)
کمپنی سیکریٹری

باٹا پور لاہور
6 مارچ 2019

نوٹ:

1- شیئر ٹرانسفر بکس بند ہونا:

کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس 18 اپریل 2019ء سے 25 اپریل 2019ء (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ انتقال دہندگان کے مذکورہ بالا استحقاق اور اجلاس میں شمولیت کی غرض سے کمپنی کے شیئر رجسٹرار، میسرز کارپلنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ، 1-K کمرشل، ماڈل ٹاؤن، لاہور کو مورخہ 17 اپریل 2019ء کے روز کاروبار بند ہونے سے قبل موصول ہونے والی ٹرانسفرز بروقت تصور کی جائیں گی۔

2- سالانہ اجلاس عام میں شرکت:

اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے اہل ممبران اپنی طرف سے ووٹ دینے کیلئے کسی دوسرے فرد کو پراکسی (نمائندہ) مقرر کر سکتے ہیں۔ پراکسیز کو موثر ہونے کیلئے کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں اجلاس کے انعقاد کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل موصول ہونا ضروری ہے۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کیلئے سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے جاری کردہ سرکولر 1 مورخہ 26 جنوری 2000ء میں دی گئی ہدایات پر عمل کرنا ضروری ہے۔ پراکسی فارم کمپنی کی ویب سائٹ www.bata.com.pk پر (انگریزی اور اردو زبانوں میں) دستیاب ہے۔

(i) اجلاس میں شمولیت کیلئے

(a) افراد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا وہ فرد جس کی سیکیورٹیز سی ڈی ایس میں رجسٹرڈ ہیں؛ اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات قواعد کے مطابق اپ لوڈ ہیں، اجلاس میں شمولیت کیلئے اپنے اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) یا اصل پاسپورٹ کے ذریعے اپنی شناخت کی تصدیق کرائیں گے۔ ممبرز کیلئے شمولیت کا شناختی نمبر اور سی ڈی ایس اکاؤنٹ نمبر بھی ہمراہ لانا ضروری ہے۔

(b) کمپنی کے ممبر کاروباری ادارہ کی صورت میں پراکسی فارم کے ساتھ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ وکالت نامہ بمعہ نمونہ کے دستخط کمپنی کو جمع کرانے کی ضرورت ہوگی۔

(ii) پراکسیز کی تقرری کیلئے

(a) افراد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا وہ فرد جس کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات سی ڈی سی قواعد کے مطابق اپ لوڈ ہیں، اپنے پراکسی فارم مذکورہ بالا ضرورت کے مطابق جمع کروائیں۔

(b) پراکسی فارم پر دو افراد کی گواہی ہوگی جن کے نام، پتہ اور سی این آئی سی نمبرز پراکسی فارم پر دیئے گئے ہوں۔

(c) فائدہ مند مالکان اور پراکسی کے سی این آئی سی یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپیاں پراکسی فارم کے ساتھ لگائی گئی ہوں۔

(d) اجلاس کے وقت پراکسی کو اپنا اصل سی این آئی سی یا اصل پاسپورٹ دکھانا ہوگا۔

(e) کاروباری ادارہ کی صورت میں پراکسی فارم کے ساتھ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ وکالت نامہ بمعہ نامزد کے نمونہ کے دستخط کمپنی کو جمع کرانا ہوگا۔

3- سی این آئی سی کی کاپیاں لازمی جمع کرانا:

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کے نوٹیفکیشن ایس آر او 779(1)/2011 مورخہ 18 اگست 2011 کے مطابق وہ ممبرز/شیئر ہولڈرز جنہوں نے اپنے درست سی این آئی سی کی فوٹو کاپی کمپنی کو جمع نہیں کروائی، ان کیلئے ضروری ہے کہ وہ اپنے سی این آئی سی کی کاپی جلد از جلد براہ راست کمپنی کے شیئر رجسٹرار، میسرز کارپلنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ، 1-K کمرشل، ماڈل ٹاؤن، لاہور کو بھجوائیں۔ ایس ای سی پی کے مذکورہ بالا ایس آر او کے مطابق درست سی این آئی سی کی فوٹو کاپی موصول نہ ہونے کی صورت میں کمپنی مستقبل میں ان کے ڈیویڈنڈ کی منتقلی روک سکتی ہے۔

4- ڈیویڈنڈ بینک مینڈیٹ:

کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 242 کے تحت ممبرز سے درخواست ہے کہ وہ اپنا نقد منافع براہ راست بینک اکاؤنٹ میں وصول کرنے کیلئے اپنے سی این آئی سی اور بینک اکاؤنٹ کی تفصیل بمعہ بینک کا نام، بینک برانچ کا پتہ اور انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (آئی بی اے این) فراہم کریں۔ تاہم وہ تمام ممبرز جنہوں نے ابھی تک اپنے سی این آئی سی اور بینک اکاؤنٹ کی تفصیل فراہم نہیں کی انہیں ایک بار پھر یاد دہانی کرائی جا رہی ہے کہ وہ فوری طور پر اپنے سی این آئی سی کی کاپی اور اپنا ڈیویڈنڈ بینک مینڈیٹ فارم پُر کر کے کمپنی کے شیئر رجسٹرار یا کمپنی کو بھجوائیں۔ بینک اکاؤنٹ کی درست تفصیلات اور سی این آئی سی کی غیر موجودگی میں قواعد وضوابط کے تحت ان کے منافع کی رقم روکی جا سکتی ہے۔ ڈیویڈنڈ بینک مینڈیٹ فارم کمپنی کی ویب سائٹ www.bata.com.pk پر دستیاب ہے۔

وہ ممبرز جن کے شیئرز سی ڈی سی اکاؤنٹس میں ہیں وہ اپنے بینک مینڈیٹ اپنے متعلقہ شرکاء کو فراہم کریں۔

Bata

5- پتہ کی تبدیلی اور زکوٰۃ سے استثنیٰ کے ڈکلریشن کی اطلاع:

شیئرز سرٹیفکیٹس رکھنے والے ممبران اپنے رجسٹرڈ پتہ میں تبدیلی کے بارے میں شیئر رجسٹرار کو آگاہ کریں اور اپنے زکوٰۃ سے استثنیٰ کے ڈکلریشنز فراہم کریں۔ تمام سی ڈی سی شیئرز ہولڈر ممبرز سے گزارش ہے کہ وہ سی ڈی سی یا اپنے متعلقہ شرکاء/ سٹاک بروکرز کے ساتھ اپنا ایڈریس اپ ڈیٹ کریں اور اپنے زکوٰۃ سے استثنیٰ کے ڈکلریشنز فراہم کریں۔

6- غیر دعویٰ شدہ منافع اور شیئر سرٹیفکیٹس:

شیئر ہولڈرز کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 244 اور غیر دعویٰ شدہ شیئرز، مضاربہ سرٹیفکیٹ، ڈیویڈنڈز، دیگر انسٹرومنٹس اور ان ڈسٹری بیوٹڈ اسسٹس ریگولیشنز 2017ء کے مطابق، کمپنیز کیلئے ایسے کیش ڈیویڈنڈز فیڈرل گورنمنٹ کے کریڈٹ میں اور شیئرز کو کیپٹن میں جمع کروانا ضروری ہے جو ادائیگی کی تاریخ سے لے کر تین (3) سال یا زیادہ عرصہ سے غیر دعویٰ شدہ ہیں یا وصول نہیں کئے گئے۔ اس حوالے سے متعلقہ شیئر ہولڈرز کو پہلے ہی نوٹس دیئے جا چکے ہیں۔

7- شیئر ہولڈرز کو سالانہ رپورٹس کی بذریعہ ای میل ترسیل:

مورخہ 8 ستمبر 2014ء کو جاری ہونے والے نوٹیفکیشن ایس آر او نمبر 787(1)/2014 کے تحت کمپنیوں کو اجازت ہے کہ وہ شیئر ہولڈرز کو اینوئل فنانشل سٹیٹمنٹ کے ساتھ ساتھ اینوئل جنرل میٹنگ (اے جی ایم) کا نوٹس بذریعہ ای میل ارسال کریں۔ لہٰذا ممبرز سے درخواست ہے کہ وہ اس کیلئے ایک سٹینڈرڈ ریکوئسٹ فارم پر، جو کہ کمپنی کی ویب سائٹ www.bata.com.pk پر دستیاب ہے، بذریعہ ای میل اپنی رضامندی ظاہر کریں۔ علاوہ ازیں کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو اپنے رجسٹرڈ ای میل ایڈریس میں ہونے والی ممکنہ تبدیلی کے بارے میں بروقت مطلع کرنا بھی ممبرز کی ذمہ داری ہے۔

8- شیئر ہولڈرز کو سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس اور اے جی ایم نوٹس کی بذریعہ سی ڈی، ڈی وی ڈی یا یو ایس بی ترسیل:

ایس ای سی پی کے نوٹیفکیشن ایس آر او نمبر 470(1)/2016 مورخہ 31 مئی 2016ء کے تحت کمپنیوں کو اجازت دی گئی ہے کہ وہ آنے والے برسوں میں ممبرز کو اپنی سالانہ رپورٹس بشمول سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس، سالانہ اجلاس عام کا نوٹس اور کمپنی کی دیگر معلومات ہارڈ کاپیز کی بجائے سی ڈی یا ڈی وی ڈی یا یو ایس بی کے ذریعے ارسال کر سکتی ہیں۔ تاہم کمپنی شیئر ہولڈرز کے مطالبہ پر انہیں سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس کی ہارڈ کاپی طلب کئے جانے کے ایک ہفتے کے اندر ان کے رجسٹرڈ ایڈریس پر بلا معاوضہ فراہم کرے گی۔

9- ویڈیو کانفرنس کیلئے رضامندی:

ایس ای سی پی کے سرکولر نمبر 10 مورخہ 21 مئی 2014ء کے مطابق اگر کمپنی کو کسی مخصوص جغرافیائی مقام سے مجموعی طور پر 10 فیصد یا زائد حصص کے ساتھ ممبرز کی طرف سے اجلاس میں شرکت کیلئے اجلاس سے کم از کم 10 دن قبل رضامندی ملتی ہے تو کمپنی اس شہر میں ویڈیو کانفرنس کا انتظام کرے گی، بشرطیکہ اس شہر میں ایسی کوئی سہولت میسر ہو۔ اس کیلئے براہ کرم درج ذیل فارم پُر کر کے سالانہ اجلاس عام کی تاریخ سے کم از کم 10 دن پہلے کمپنی کے رجسٹرڈ ایڈریس پر جمع کروائیں۔

ویڈیو کانفرنس کی سہولت کیلئے رضامندی کا فارم

میں/ہم ---------- ساکن ---------- باٹا پاکستان لمیٹڈ کا ممبر ہوں اور ---------- شیئرز کا حامل ہوں بر مطابق رجسٹر ڈ فولیو # /سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر ---------- اپنے شہر ---------- (جغرافیائی مقام) میں ویڈیو کانفرنس کی سہولت حاصل کرنا چاہتا ہوں۔

ممبر کے دستخط ----------

10- منافع پر ودہولڈنگ ٹیکس کا اطلاق:

منافع پر ودہولڈنگ ٹیکس کے ریٹس حسب ذیل ہیں:

• انکم ٹیکس ریٹرنز کے فائلرز کیلئے: 15 فیصد • انکم ٹیکس ریٹرنز کے نان فائلرز کیلئے: 20 فیصد

کمپنی کو نقد منافع کی رقم پر 20 فیصد کی بجائے 15 فیصد ٹیکس کی کٹوتی کے قابل بنانے کیلئے وہ تمام شیئر ہولڈرز جن کے نام ایف بی آر کی ویب سائٹ پر ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ (اے ٹی ایل) میں درج نہیں ہیں، اس بات سے قطع نظر کہ وہ فائلر ہیں، انہیں ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اے ٹی ایل میں اپنے ناموں کے اندراج کو یقینی بنائیں۔ بصورت دیگر نقد منافع پر ٹیکس کی کٹوتی 15 فیصد کی بجائے 20 فیصد کی شرح سے کی جائے گی۔

مشترکہ شیئر ہولڈرز کی صورت میں ٹیکس:

ان شیئر ہولڈرز کیلئے جن کے شیئرز مشترکہ ہیں، فیڈرل بورڈ آف ریونیو کی وضاحت کے تحت ودہولڈنگ ٹیکس کا تعین پرنسپل شیئر ہولڈر کے ساتھ ساتھ جوائنٹ ہولڈرز کے شیئر ہولڈنگ کے تناسب کی بنیاد پر ان کے "فائلر/ نان فائلر" سٹیٹس کے مطابق الگ الگ ہوگا۔ لہٰذا وہ تمام شیئر ہولڈرز جن کے شیئرز مشترکہ ہیں ان سے درخواست ہے کہ وہ پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ ہولڈرز کے شیئرز کی بابت جو کہ ان کے پاس موجود ہیں، ہمارے شیئر رجسٹرار کو تحریری طور پر مندرجہ ذیل طریقے سے شیئر ہولڈنگ کا تناسب فراہم کریں۔

کمپنی کا نام	فولیو/ سی ڈی سی اکاؤنٹ#	ٹوٹل شیئرز	پرنسپل شیئر ہولڈر		جوائنٹ شیئر ہولڈر	
			نام اور قومی شناختی کارڈ#	شیئر ہولڈنگ کا تناسب (شیئرز کی تعداد)	نام اور قومی شناختی کارڈ#	شیئر ہولڈنگ کا تناسب (شیئرز کی تعداد)

میسرز کارپلنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ

ونگز آرکیڈ، 1-K کمرشل، ماڈل ٹاؤن، لاہور، فون: 042-35916714, 35916719، فیکس: 042-35869037

ودہولڈنگ ٹیکس سے استثنیٰ کیلئے ٹیکس سے استثنیٰ کا درست سرٹیفکیٹ:

انکم ٹیکس آرڈیننس 2001ء کے سیکشن 150 کے تحت ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی سے استثنیٰ کیلئے ٹیکس سے استثنیٰ کا درست سرٹیفکیٹ ضروری ہے۔ وہ ممبرز جو انکم ٹیکس آرڈیننس 2001ء کے سیکنڈ شیڈول کے پارٹ IV کی شق 47B کے تحت کوالیفائی کرتے ہیں اور ٹیکس سے استثنیٰ چاہتے ہیں انہیں شیئر ٹرانسفر بکس بند ہونے کی تاریخ سے قبل ٹیکس سے استثنیٰ کے درست سرٹیفکیٹ کی کاپی ہمارے شیئر رجسٹرار کو فراہم کرنا ہوگی، بصورت دیگر لاگو قانون کے مطابق ٹیکس کی کٹوتی کی جائے گی۔